© rasailojaraid.com



لکھنؤ کی انجمن طلباء دالنادی العربی، کی طرف سے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی سرپرستی میں تقریباً ایک سال سے نکل رہا ہے۔ اس کا مقصد عربی مدارس کے طلباء میں عربی زبان وادب سے دلچسپی اور اس میں انشاپردازی کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ اس میں عالم اسلامی کی مختصر خبروں کے علاوہ عموماً ایک دو مضامین عربی پرچوں سے ماخوذ ہوتے ہیں اور لگا رہے گا ہے خود مولانا سید ابوالحسن ندوی کا کوئی مضمون یا انجمن طلباء میں ان کی کوئی تقریر شائع ہوتی ہے۔

زیر ادارت: شفیق الرحمٰن، اقبال احمد، تقی الدین۔ مقام اشاعت: دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ سالانہ چندہ: ڈھائی روپے۔

**البقظہ** الرائد کے طرز پر دارالعلوم دیوبند کے طلباء نے بھی اپنی انجمن (الهیئۃ العربیہ) کی طرف سے یہ ماہانہ نشرہ ماہ جنوری ۶۱ء سے نکالنا شروع کیا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے اس کا پہلا شمارہ ہے، جس میں ازہر کے نمائندۂ دیوبند شیخ محمد عبدالوہاب محمود کے پیغام سے اس کا افتتاح کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد بھی طلباء میں عربی زبان سے دلچسپی اور تحریر وخطابت کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔

عربی زبان سے دلچسپی رکھنے والے طلباء کے لیے الرائد اور البقظہ مفید اور کارآمد ہوں گے۔

زیر ادارت: سعیدالزمان کیرانوی، ارشد فیض آبادی۔ مقام اشاعت: دارالعلوم دیوبند، ضلع سہارنپور۔ یوپی (بھارت)، چندہ سالانہ: ڈیڑھ روپیہ (ہندوستان میں) دو روپے (بیرون ہند)۔

**الرابطۃ الاسلامیہ** یہ ایک اور نشرہ ہے جو بیک وقت عربی اور انگریزی میں الرابطۃ الاسلامیہ ~~(INTERNATIONAL~~ CULTURAL ISLAMIC ORGANIZATION) کی طرف سے اکتوبر ۶۰ء سے جاری ہوا ہے۔ الرابطۃ الاسلامیہ کا مقصد مختلف ممالک کے مسلمانوں سے رابطہ پیدا کرنا۔ اور ان کو آپس میں ایک دوسرے کے حالات سے متعارف کرنا ہے۔ اس کی تاسیس مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی زیرنگرانی اُن کے چند شاگردوں اور عقیدت مندوں کی مساعی سے عمل میں آئی ہے

© rasailojaraid.com